پریس ریلیز

PITAC کے ڈائریکٹر جنرل کا گوجرانوالہ چیمبر کا دورہ، صنعت کی جدید کاری اور اے آئی کے فروغ پر مشاورت، مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پاکستان انڈسٹریل ٹیکنیکل اسسٹینٹ سینٹر کی ڈائریکٹر جنرل محترمہ فریحہ علی رندھاوا نے اپنی ٹیم کے ہمراہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا۔ اس موقع پر صدر گوجرانوالہ چیمبر علی ہمایوں بٹ، سینیئر نائب صدر سعد جمیل عرفانی، نائب صدر فیصل ستار مغل، سابق سینیئر نائب صدر حمیس گلزار اور ایگزیکٹو ممبران نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ دورے کے دوران منعقدہ اجلاس میں صنعت کی جدید کاری، تکنیکی مہارتوں کے فروغ اور صنعت میں اے آئی کے استعمال سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ موجودہ دور میں صنعت کو جدید تقاضوں اور نئی ٹیکنالوجی کے مطابق ڈھالنا ضروری ہو چکا ہے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل PITAC محترمہ فریحہ علی رندھاوا نے کہا کہ پیٹاک وزارتِ صنعت و پیداوار، حکومتِ پاکستان کا ایک اہم ادارہ ہے جو مختلف صنعتی اداروں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پیٹاک کے تحت آٹو انڈسٹری سے منسلک متعدد تکنیکی کورسز جاری ہیں جبکہ مختلف ورکشاپس میں عملی تربیت بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹاک نے صنعت میں اے آئی کے فروغ کے لیے مختصر مدت کے کورسز تیار کر لیے ہیں جن کا آغاز آئندہ ماہ متوقع ہے، ان کورسز کا مقصد صنعت اور مارکیٹ کو اے آئی کے ذریعے آپس میں منسلک کرنا ہے انہوں نے مزید کہا کہ پیٹاک صنعت سے براہِ راست فیڈ بیک حاصل کرنا چاہتا ہے تاکہ کورسز کو صنعت کی اصل ضروریات کے مطابق ترتیب دیا جا سکے اور یہ جانا جا سکے کہ پاکستان کی صنعت میں اس وقت اے آئی کا استعمال کس سطح پر ہے اور کن شعبوں میں بہتری کی ضرورت ہے۔ صدر گوجرانوالہ چیمبر علی ہمایوں بٹ نے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر کا R&D ڈیپارٹمنٹ سرگرم عمل ہے اور اس وقت چار مختلف صنعتی کلسٹرز پر کام کر رہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ چیمبر اس وقت طلبہ کو صنعت کے ساتھ منسلک کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے تاکہ تعلیم کے ساتھ ساتھ انہیں عملی مہارت بھی حاصل ہو اور مستقبل میں ہنرمند افرادی قوت میسر آ سکے۔ نائب صدر فیصل ستار مغل نے کہا کہ پیٹاک کا وژن واضح اور قابلِ تحسین ہے اور صنعت کی ترقی کے لیے تکنیکی مہارتوں کا ہونا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے بعض صنعتی مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ جدید مشینری، صنعتی الیکٹریشنز اور متبادل آلات کی کمی جیسے مسائل پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اجلاس کے اختتام پر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور پیٹاک کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے، جس کا مقصد صنعت کی جدید کاری، تکنیکی معاونت اور اے آئی کے شعبے میں باہمی تعاون کو فروغ دینا ہے۔

Press Release

DG PITAC Visits Gujranwala Chamber, Consultations on Industrial Modernization and Promotion of AI MoU Signed

Director General of Pakistan Industrial Technical Assistance Centre (PITAC) Ms. Fareeha Ali Randhawa, visited the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry along with her team. She was received by President Gujranwala Chamber Ali Hamyoon Butt, Senior Vice President Saad Jamil Irfani, Vice President Faisal Sattar Mughal, Former Senior Vice President Humais Gulzar and Executive Committee members.

During the meeting held on the occasion, detailed discussions were held on industrial modernization, promotion of technical skills and the use of artificial intelligence (AI) in industry. It was emphasized that in the present era, it has become essential to align industry with modern requirements and emerging technologies.

While addressing the meeting DG PITAC Ms. Fareeha Ali Randhawa stated that PITAC is an important institution under the Ministry of Industries and Production, Government of Pakistan, working in collaboration with various industrial sectors. She informed that several technical courses related to the auto industry are currently being conducted under PITAC along with hands on practical training in different workshops. She further stated that PITAC has developed short term courses to promote the use of AI in industry which are expected to be launched next month. The objective of these courses is to connect industry and the market through AI. She added that PITAC intends to obtain direct feedback from industry so that courses can be designed according to actual industrial needs and to assess the current level of AI utilization in Pakistan industry and identify areas requiring improvement.

Welcoming the guests, President Gujranwala Chamber Ali Hamyoon Butt said that the Chamber R&D Department is actively functioning and is currently working on four different industrial clusters. He added that the Chamber is playing an important role in linking students with industry so that they may acquire practical skills along with education, ensuring the availability of a skilled workforce in the future.

Vice President Faisal Sattar Mughal stated that PITAC vision is clear and commendable, and that technical skills are essential for industrial growth. Highlighting certain industrial issues, he stressed the need to address challenges such as the shortage of modern machinery, industrial electricians and alternative equipment.

At the conclusion of the meeting a Memorandum of Understanding (MoU) was signed between the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry and PITAC to promote mutual cooperation in industrial modernization, technical assistance and the field of artificial intelligence.